اُردو

BALOCHISTAN BOARD OF INTERMEDIATE & SECONDARY EDUCATION QUETTA

INTERMEDIATE (ANNUAL) EXAMINATION 2018

SUBJECT: URDU - A

TIME: 3 HOURS

Group-I

MARKS: 100

PASS MARKS: 33

نوٹ: سوال نمبر 1 میں کاٹ چھانٹ/ریمور کا استعمال یا کاٹ کر لکھنے پر جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال 1.(الف) اسباق کے متن کی روشنی میں درست جواب کا انتخاب کریں۔ (5x1=5)

(ا) ادب بھی آرٹ یا فن کی ایک ------- ہے۔ (شاخ ، کڑی ، حصہ ، شعبہ)

(۲) سفرنامہ بابل کے کھنڈرات کے مصنف ہیں۔ (ابن انشاء ، آغا حاشر کاشمیری ، خواجہ معین الدین ، جمیل الدین عالی)

(۳) نظم انسپکٹر میکٹ آرٹ سید ضمیر جعفری کی کتاب ------- ہے۔ (شوخی تحریر ، اندیشہ شہر ، مثنوی سحرالبیان ، مباحث)

(۴) وہ تمام علم جو کتابوں کے ذریعے ہم تک پہنچتا ہے۔ (آرٹ ہے ، سائنس ہے ، ادب ہے ، فن ہے)

(۵) وہ قلمی نام جو شاعر اصل نام کی جگہ استعمال کرتا ہے۔ (لقب ، کنیت ، تخلص ، عرف)

(ب) درست کی نشاندہی (✓) اور غلط کی نشاندہی (X) سے کریں۔ (5x1=5)

ا۔ کریمن بوا گھر کی مالکن تھیں۔

۲۔ واقعہ کربلا کے احوال پر مبنی شاعری مرثیہ کہلاتا ہے۔

۳۔ مست توکلی فارسی کے عظیم شاعر تھے۔

۴۔ ماہر القادری نے نعت گوئی میں بڑا نام کمایا۔

۵۔ تاریخی، داستانی، واقعات کا ذکر تلمیح کہلاتی ہے۔

(ج) متن کو مدنظر رکھتے ہوئے خالی جگہ پر کریں۔ (5x1=5)

ا۔ غزل میں اشعار کی تعداد ہمیشہ ------- ہوتی ہے۔

۲۔ خواجہ میر درد ---------- شاعر ہیں۔

۳۔ ڈرامے کی ---------- مشہور اقسام ہیں۔

۴۔ ناول آنگن کی مصنفہ ------- ہیں۔

۵۔ میر انیس اور مرزا دبیر کی ------- گوئی مشہور ہے۔

سوال 2. درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جوابات لکھیں۔ غیر ضروری طوالت اور تفصیل سے پرہیز کریں۔ (10x4=40)

ا۔ شاہ ولی اللہ کے صاحبزادوں نے مسلمانوں کی اصلاح کیلئے کیا قربانیاں دیں؟

۲۔ بڈھے کو جوانی میں والدین کس قسم کی نصیحت کرتے تھے؟

۳۔ ملکہ معظمہ کی یادگار کے لئے جمع ہونے والا چندہ کہاں اور کس مقصد کیلئے استعمال ہوا؟

۴۔ میتھو آرنلڈ، والٹر پیٹر اور نیومین نے ادب کی کیا تعریف کی ہے؟

۵۔ آبادی پر قابو پانے کیلئے تین اقدامات تجویز کریں؟

۶۔ نظم ''انجام'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

۷۔ ڈرامہ یا افسانہ کی تعریف کریں۔

۸۔ چینی لوگوں کی کونسی اچھی عادات ہمیں بھی اپنانی چاہیے؟

۹۔ غزل اور نظم کے تین فرق لکھیں۔

۱۰۔ درج ذیل محاورات و تراکیب کو جملوں میں استعمال کریں:۔ ا۔عملی جامہ پہنانا ، ۲۔زک پہنچانا ، ۳۔سر اُٹھانا ، ۴۔غلبہ حاصل کرنا

سوال 3. درج ذیل عبارت کی تلخیص کریں اور مناسب عنوان تجویز کریں۔ (1+4=5)

ہمارے ملک میں پینے کیلئے صاف پانی کی قلت کے باعث خصوصاً دیہی علاقوں میں سطحی آبی ذخائر مثلاً کنوؤں، ندی نالوں، دریاؤں اور نہروں سے پانی حاصل کیا جاتا ہے۔ دیہی عوام چونکہ صحت کے اصولوں سے نابلد ہوتے ہیں۔ اس لئے بے دھڑک پینے کیلئے آلودہ پانی استعمال کرتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں وبائی امراض میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ پاکستان میں چالیس فی صد اموات کا سبب آلودہ پانی کا استعمال ہے۔

سوال 4. متن کی مناسبت سے کسی ایک عبارت کی تشریح کریں۔سبق اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ (2+8=10)

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد اپنا غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے میں ڈٹ کر کھڑا ہوجاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہوگئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود اس کے دینی معاملات میں ختم ہوگئی تھی۔ چنانچہ اکبر کے آخری دور میں حضرت مجدد الف ثانیؒ کھڑے ہوئے۔

(ب) پاکستان میں ۴۵ فیصد آبادی کو صحت کی سہولتیں میسر نہیں۔ ۳۱ فیصد آبادی کو پینے کا صاف پانی نہیں ملتا۔ ایک کمرے میں اسطاً چھ افراد رہائش پذیر ہیں۔ جبکہ ۵۰ فیصد آبادی ایک مکان میں رہتی ہے۔ ملک کی ۳۵ فیصد آبادی غربت کی سطح سے بھی کم درجے کی زندگی بسر کررہی ہے۔ اس زبوں حالی کا واحد حل آبادی میں تیزی سے ہونے والے اضافے کی شرح کو کم کرنا ہے۔

سوال 5. حصہ الف (نظم) حصہ ب (غزل) میں سے ایک ایک جزو کی تشریح کریں۔نظم اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔

(الف) ا۔ وابستہ سب ہیں نظم قضا و قدر کے ساتھ
لیل و نہار بھی روشن روزگار بھی

۲۔ ایک تصویر کو دیکھا جو کمال فن تھی
بھینس کے جسم پر اک اونٹ کی سی گردن تھی (2+3=5)

(ب) ا۔ مت عبادت پہ پھولیو زاہد
سب طفیل گناہ آدم ہے۔

۲۔ پاتے نہیں جب راہ تو چڑھ جاتے ہیں نالے
رُکتی ہے میری طبع تو ہوتی ہے رواں (1+4=5)

سوال 6. اپنے گاؤں میں ڈسپنسری قائم کرنے کیلئے ضلعی آفیسر صحت کے نام درخواست لکھیں۔-----یا-----
دوست کو امتحان میں نمایاں کامیابی پر مبارکباد کا خط لکھیں۔ (10)

سوال 7. نظم وضبط کی اہمیت پر دو(۲) طلباء میں مکالمہ لکھیں۔ -----یا-------
کرکٹ میچ کا آنکھوں دیکھا حال لکھیں۔ (10)

﴿ختم شد﴾

Scanned with CamScanner